یہ ماسٹر محمد دین مرحوم کی پاکٹ ڈائری ہے جو ہے جیسے ہے کی بنیاد پر آپ خود پڑھیں اور رائے قائم کریں کہ یہ کیا ہے

مرحوم، ان ہی کے بقول 1914 میں جلالپور شریف میں پیدا ہے اور 22 دسمبر 2022 کو طبعی موت سے وفات پائی

مرحوم نے اس دور میں کہ جب پرائمری پاس تحصیلدار لگ جایا کرتے تھے، زمیندارہ کالج گجرات سے ایف ایس سی

میڈیکل میں کی اور ساری زندگی بطور سائنس ٹیچر پڑھاتے رہے ورثے میں متنازع زرعی زمین پائی اور ساری زندگی

مقدمہ بازی میں گزاری خوش قسمتی ہی تھی جو مرض الموت میں ہی سہی، بلاآخر مقدمہ جیتنے کی خوشی پائی غریب بندہ

اگر خوشحال ہو بھی جائے تو دل کا ہمیشہ غریب ہی رہتا ہے ویسے ہی مرحوم نے بھی، کروڑوں کما کر بھی تندوری روٹی

پانی میں ڈبو اور کھا کر بڑھاپا کاٹا ساری زندگی بھائیوں سے دس دس اور بیس روپے کے کاشکاری اخراجات بابت

لڑتے اور رقم وصولی وادائیگی کی رسیدیں لکھتے اور بھیجتے رہے ایک نمبر کے اڑیل اور ضدی مگر شریف انسان تھے خدا

درجات بلند کرے نہ کرے اسکی مرضی، کیا فرق پڑتا ہے درجے تو زندوں کے بلند ہونا چاہیں

انکا نالائق نواسہ

مبشر

تیار کردہ پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ لاہور و منظور شدہ محکمۂ تعلیم پنجاب ، لاہور
بطور سول ٹیکسٹ بک برائے مدارس پنجاب پرائمری ٹیچرز سرٹیفکیٹ کورس
بموجب سرکلر نمبر S.O. (C) 10—1/73 مورخہ 28 مارچ ، 1974ء

مصنف
محمد اسحاق خالد
بی ۔ اے ۔ (آنرز) ایم ۔ اے ۔ بی ایڈ

رفعت میں مقاصد کو ہمدوشِ ثریا کر ۔
خودداریٔ ساحل دے آزادیٔ دریا دے
بے لوث محبت ہو بے باک صداقت ہو ۔
سینوں میں اجالا کر دِل صورتِ مینا دے
احساس عنایت کر آثارِ مصیبت کا ۔
امروز کی شورش میں اندیشۂ فردا دے
میں بلبلِ نالاں ہوں اک اجڑے گلستاں کا
تاثیر کا سائل ہوں محتاج کو داتا دے ۔
اقبال مرحوم

اگر چاہوں تو نقشہ کھینچ کر الفاظ میں رکھ دوں
مگر تیرے تخیل سے فزوں تر ہے وہ نظارا۔
تجھے آبا سے اپنے کوئی نسبت ہو نہیں سکتی
کہ تو گفتار وہ کردار تو ثابت وہ سیارا
گنوا دی ہم نے جو اسلاف سے میراث پائی تھی
ثریا سے زمیں پر آسماں نے ہم کو دے مارا۔
حکومت کا تو کیا رونا کہ وہ اک عارضی شے تھی
نہیں دنیا کے آئینِ مسلّم سے کوئی چارا۔
مگر وہ علم کے موتی کتابیں اپنے آبا کی
جو دیکھیں اُن کو یورپ میں تو دل ہوتا ہے سی پارا
"غنی روزِ سیاہ پیرِ کنعاں را تماشا کن
کہ نورِ دیدہ اش روشن کند چشمِ زلیخا را۔"
اقبال مرحوم

نوید صبح

آتی ہے مشرق سے جب ہنگامہ در دامنِ سحر
منزلِ ہستی سے کر جاتی ہے خاموشی سفر
محفلِ قدرت کا آخر ٹوٹ جاتا ہے سکوت
دیتی ہے ہر چیز اپنی زندگانی کا ثبوت
چہچہاتے ہیں پرندے پا کے پیغامِ حیات
باندھتے ہیں پھول بھی گلشن میں احرامِ حیات
اے دلِ خوابیدہ اُٹھ ہنگامہ آرا تو بھی ہو۔
وہ نکل آئی سحر گرمِ تقاضا تو بھی ہو۔
دورۂ عالم میں رہ پیما ہو مثلِ آفتاب
دامنِ گردوں سے ناپیدا ہوں یہ داغِ سحاب
کھینچ کر خنجر کرن کا ہو تو پھر گرمِ ستیز
پھر سکھا تاریکیٔ باطل کو آدابِ گریز

اگر چاہوں تو نقشہ کھینچ کر الفاظ میں رکھ دوں
مگر تیرے تخیل سے فزوں تر ہے وہ نظارا ۔
تجھے آبا سے اپنے کوئی نسبت ہو نہیں سکتی
کہ تو گفتار وہ کردار تو ثابت وہ سیارا
گنوا دی ہم نے جو اسلاف سے میراث پائی تھی
ثریا سے زمیں پر آسماں نے ہم کو دے مارا ۔
حکومت کا تو کیا رونا کہ وہ اک عارضی شے تھی
نہیں دنیا کے آئین مسلّم سے کوئی چارا ۔
مگر وہ علم کے موتی کتابیں اپنے آبا کی ۔
جو دیکھیں ان کو یورپ میں تو دل ہوتا ہے سی پارا
"غنی روز سیاہ پیر کنعاں را تماشا کن"
کہ نور دیدہ اش روشن کند چشم زلیخا را ۔

اقبال مرحوم

نوید صبح

آتی ہے مشرق سے جب ہنگامہ در دامن سحر
منزل ہستی سے کر جاتی ہے خاموشی سفر
محفل قدرت کا آخر ٹوٹ جاتا ہے سکوت
دیتی ہے ہر چیز اپنی زندگانی کا ثبوت
چہچہاتے ہیں پرندے پا کے پیغام حیات
باندھتے ہیں پھول بھی گلشن میں احرام حیات
اے دل خوابیدہ اٹھ ہنگامہ آرا تو بھی ہو ۔
وہ نکل آئی سحر گرم تقاضا تو بھی ہو ۔
دورہ عالم میں رہ پیما ہو مثل آفتاب
دامن گردوں سے ناپیدا ہوں یہ داغ سحاب
کھینچ کر خنجر کرن کا ہو تو پھر گرم ستیز
پھر سکھا تاریکیٔ باطل کو آداب گریز

تو سراپا نور ہے زیبا ہے عریانی تجھے
اور عریاں ہو کے زیبا ہے خود افشانی تجھے
ہاں نمایاں ہو کے برقِ دیدۂ خفاش ہو۔
اے دلِ کون و مکاں کے رازِ مضمر فاش ہو۔

اِقبال مرحوم

غزل

نہ ہو اُس کی خطا پوشی پہ کیوں نازِ گنہ گاری
نشانِ شانِ رحمت بن گیا داغِ سیہ کاری

دغا سے دشمنی رکھ کر مرے دِل کی طلبگاری
بہت مشکل ہے اِس جنسِ گرامی کی خریداری

ہوئیں ناکامیاں بدنامیاں رُسوائیاں کیا کیا۔
نہ چھوٹی ہم سے لیکن کوئے جاناں کی ہواداری

نہیں غم جیب و دامن کا مگر ہاں فکر ہے اِتنی
نہ اُٹھے گا میرے دستِ جنوں سے رنجِ بیکاری

نہ چھوڑا مرتے دم تک ساتھ بیمارِ محبت کا
قسم کھانے کے قابل ہے ترے غم کی وفاداری

نہ اُن کو رحم آتا ہے۔ نہ مجھ سے صبر ہے ممکن
کہیں آسان ہو یا رب! محبت کی یہ دشواری

وفورِ اشکِ پیہم سے ہجومِ شوقِ بیحد میں
مری آنکھوں سے ہے اِک آبشارِ آرزو جاری

نہیں کھلتی مری نسبت تیری اے حیلہ جو مرضی
کہ ہے اقرارِ دلجوئی نہ انکارِ ستمگاری

نہ کر اتنا ستم ہم دردمندوں پر کہ دنیا سے
مبادا ایک قلم اٹھ جائے تہذیبِ وفاداری

یہی عالم رہا گر اس کے حسنِ سحر پرور کا
تو باقی رہ چکی دنیا میں راہ و رسمِ ہشیاری

وہ جرمِ آرزو پر جس قدر چاہیں سزا دے لیں
مجھے خود خواہشِ تعزیر ہے ملزم ہوں اقراری

نسیمِ دہلوی کو وجد ہے فردوس میں حسرت
جزاک اللہ تیری شاعری ہے یا فسوں کاری

(حسرت موہانی)

نظم

قلم شیدا ہو جس پر شوخیٔ تحریر پیدا کر
نشانِ عہدِ رفتہ کی نئی تصویر پیدا کر

تیرے خونِ جگر کی اب ضرورت ہے زماں سامانی
جہاں میں خوابِ اُم تھے انسان خدا گر تھا

نہاں ہے [illegible] گھر میں تھی خداؤں کی فراوانی
سمجھے جاتے تھے سیلابِ ضلالت میں سبھی انسان

حجازی ہوں۔ کہ ایرانی وہ ہندی ہوں۔ کہ یونانی
حریمِ عقل میں بالکل اندھیرا ہی اندھیرا تھا

لئے جاتی تھی دہریت کی جانب فلسفہ دانی
غریبوں بیکسوں پر ظلم ہر سو ڈھائے جاتے تھے

بنائے جور پر قائم تھی دیوارِ جہاں بانی

گرے گی برق بن کر خرمنِ باطل پہ اک پل میں
خلوصِ دل سے آہوں میں ذرا تاثیر پیدا کر۔

اِقبال مرحوم

غزل

نہ کر اندلود نہ بیگانہ وار دیکھ

مبادا ایک قلم اٹھ جائے تہذیب کی چیز اسے یار بار دیکھ

یہی عالم رہا گر اُس کے حسنِ سحر

تو باقی رہ چکی دُنیا میں راہ و رسمِ ہُشیاری ادر دیکھ

وُہ جرمِ آرزو پر جس قدر چاہیں سزا دے دیں

مجھے خود خواہشِ تعزیر ہے ملزم ہوں اقراری

نسیمِ دہلوی کو وجد ہے فردوس میں حسرت

جزاک اللہ تیری شاعری ہے یا فسوں کاری

(حسرت موہانی)

تصویر کا پہلا رُخ

ہوائے مادیّت تھی جب محیطِ عالمِ فانی
فضائے کفر پیہم کر رہی تھی ظلمت افشانی
گھٹا چھائی ہوئی تھی شرک و ظلمت کی زمانے پر
ہر انسان کے دِل میں جاگزیں تھی کفر سامانی
خدا خود ساختہ اصنام تھے اِنسان خداگر تھا
خدا کے خاص گھر میں تھی خداؤں کی فراوانی
بہے جاتے تھے سیلابِ ضلالت میں سبھی انسان
حجازی ہوں۔ کہ ایرانی وہ ہندی ہوں۔ کہ یونانی
حریمِ عقل میں بالکل اندھیرا ہی اندھیرا تھا
لئے جاتی تھی دہریّت کی جانب فلسفہ دانی
غریبوں بیکسوں پر ظلم ہر سو ڈھائے جاتے تھے
بنائے جور پر قائم تھی دیوارِ جہان بانی

فضاؤں میں علم لہرا رہے تھے بربریت کے
زمانے بھر میں تھی جبر و تشدد کی فراوانی

اصولِ زندگی تھے دور تہذیب تمدن سے
غرض بگڑا ہوا تھا نظامِ بزمِ امکانی

ہوئی بارش ترے اکرام کی اے رحمتِ عالم
زمینِ خشک کو گرما میں گویا مل گیا پانی

نکالا تو نے تعرو شرک و بدعت سے زمانے کو
ہٹا کر پردۂ باطل دکھایا نورِ حقانی

منور کر دیا سارے جہاں کو نورِ ایماں سے
ضیاؤں کی ہوئی ظلمت کدوں میں جلوہ ارزانی

سبق آ کر دیا مخلوق کو تسلیم و طاعت کا
بتائے عالمِ تکوین کو تعزیرات قرآنی

بتایا "عبد" اور "معبود" کا رشتہ زمانے کو
سنائے تو نے انساں کو پیغاماتِ ربانی

بنا تو نے ہی ڈالی آ کے تہذیب تمدن کی
بدل کر رکھ دیا تو نے نظامِ ذہنِ انسانی

اخوت اور محبت کا علم لہرا دیا تو نے
عدالت اور صداقت بن گئی جزوِ جہانبانی

اصولِ نو پہ تو نے آدمیت کی بنا ڈالی
بدل کر رکھ دیا تو نے نظامِ ذہنِ انسانی

(۱۱) سلام اے شمعِ حقانی سلام اے نورِ ربانی
سلام اے رحمۃ اللعالمین محبوبِ سبحانی
سلام اے باعثِ ایجادِ عالم فخرِ انسانی
سلام اے مجمعِ نور و ضیا اے کانِ عرفانی

نظم

(۱) نکل کر خانقاہوں سے ادا کر رسمِ شبیریؐ
کہ فقرِ خانقاہی ہے ۔ فقط اندوہ و دلگیری

(۲) تیرے دین و ادب سے آ رہی ہے بوئے رہبانی
یہی ہے مرنے والی امتوں کا عالمِ پیری

(۳) شیاطین ملوکیت کی آنکھوں میں ہے وہ جادو
کہ خود نخچیر کے دل میں ہو پیدا ذوقِ نخچیری

(۴) چہ بے پرواہ گزشتند از نوائے صبح گاہِ من
کہ برد آں شور و مستی از سیاہ چشمانِ کشمیری

علامہ اقبال مرحوم

نظم

کیا رفعت کی لذّت سے نہ دل کو آشنا تو نے
گزاری عمر پستی میں مثالِ نقشِ پا تو نے
رہا دل بستۂ محفل مگر اپنی نگاہوں کو
کیا بیرونِ محفل سے نہ حیرت آشنا تو نے
فدا کرتا رہا دِل کو حسینوں کی اداؤں پر
مگر دیکھی نہ اس آئینے میں اپنی ادا تو نے
تعصّب چھوڑ ناداں دہر کے آئینہ خانے میں
یہ تصویریں ہیں تیری جن کو سمجھا ہے برا تو نے
سراپا نالۂ بیدادِ سوزِ زندگی ہو جا
سپند آسا گرہ میں باندھ رکھی ہے صدا تو نے
صفائے دل کو کیا آرائشِ رنگِ تعلّق سے
کفِ آئینہ پر باندھی ہے او ناداں حنا تو نے

زمین کیا آسمان بھی تیری کج بینی پہ روتا ہے
غضب ہے سطرِ قرآن کو چلیپا کر دیا تو نے

زباں سے گر کیا توحید کا دعویٰ تو کیا حاصل
بنایا ہے بتِ پندار کو اپنا خدا تو نے

کنویں میں تو نے یوسفؑ کو جو دیکھا بھی تو کیا دیکھا
ارے غافل جو مطلق تھا مقید کر دیا تو نے

ہوس بالائے منبر ہے تجھے رنگین بیانی کی
نصیحت بھی تیری صورت ہے اک افسانہ خوانی کی

اقبال مرحوم

دُعا

الٰہی حق محمدؐ کی محبت کا ادا کر دے۔ تو اپنے سارے بندوں کو فدائے مصطفےٰ کر دے

الٰہی واسطہ تجھ کو تیرے معراج والے کا
مسلمانوں کو معراج ترقی تک رسا کر دے

محمدؐ ان کا ہے یہ تیرے ہیں پھر غیریت کیوں ہے
انہیں اپنا بنا کر غیر سے یا رب جُدا کر دے

تیرے محبوب کی اُلفت رہے دن رات سینوں میں
انہیں سوز و گداز اس کی محبت کا عطا کر دے

تو بے اولاد کو اولاد دے نادار کو دولت
مریضوں کو شفا دے اور اسیروں کو رہا کر دے

دُعا ہے تجھ سے ہر دم تیرے ناکام تمنا کی
کہ ہر مسلم کو یا رب کامیاب مدعا کر دے

ذرا سی اور بھی ہے التجائے بندہ مسکین
کہ سالک کو الٰہی سالکِ راہِ ہدیٰ کر دے

دمِ آخر بھی جب پیکِ اجل کی آمد آمد ہو
لبِ سالک پہ یارب دم ہو اور نامِ محمدؐ ہو

سالکؔ

نماز عشق ہر دم می گزارم
بہ پیشِ قبلۂ روئے محمد

تحریک عمل

گر دیکھئے تو یاس ہے انکارِ ذاتِ حق ۔ امیدوارِ رحمتِ پروردگار رہ

آئینگی تجھ کو راس نہ سرمستیاں تیری ۔ رہنا ہے اس جہان میں اگر ہوشیار رہ

اب وحشت گردیوں کے زمانے گزر گئے ۔ ہنگامہ زائے محفلِ زیبائے یار رہ

شایانِ عاشقی نہیں مایوسیٔ فراق ۔ ہر دم رہینِ کشمکشِ انتظار رہ

جاتی ہی رہینگی حسن کی بے اعتدالیاں ۔ تو اپنے عہد شوق پر خود استوار رہ

اچھی نہیں اے دوست! یہ عزلت گزینیاں ۔ تو حسن و راستی ہے سدا آشکار رہ

یہ تیرہ خاکدان تیرے دم سے چمک اٹھے ۔ رخشاں عمل کے چرخ پہ خورشید وار رہ

اہلِ نظر کو زندگیٔ پر سکون ہے موت ۔ بحرِ جہاں میں موجِ صفت بیقرار رہ

پیدا ہر ایک بہار میں آئینِ بہار کر ۔ اور بے نیازِ عہدِ خزاں و بہار رہ

کس نے کہا تجسس و تدبیر چھوڑ دے
سنگِ عمل سے شیشۂ تقدیر توڑ دے

"غزل"

(۱) ابن مریم ہوا کرے کوئی
میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

(۲) نہ سنو گر برا کہے کوئی
نہ کہو گر برا کرے کوئی

(۳) روک لو گر غلط چلے کوئی
بخش دو گر خطا کرے کوئی

(۴) کون ہے جو نہیں ہے حاجتمند
کس کی حاجت روا کرے کوئی

(۵) کیا کیا خضر نے سکندر سے
اب کسے رہنما کرے کوئی

مرزا غالب مرحوم

(۶) جب توقع ہی اٹھ گئی غالب۔ کیوں کسی کا گلہ کرے کوئی

"غزل"

از علامہ اقبال مرحوم

(۱) رہزنِ ہمت ہوا ذوقِ تن آسانی ترا
بحر تھا صحرا میں تو، گلشن میں مثلِ جو ہوا

(۲) اپنی اصلیت پہ قائم تھا، تو جمعیت بھی تھی
چھوڑ کر گل کو پریشاں کاروانِ بو ہوا

(۳) زندگی قطرے کی سکھلاتی ہے اسرارِ حیات
یہ کبھی گوہر، کبھی شبنم، کبھی آنسو ہوا

(۴) پھر کہیں سے اس کو پیدا کر، بڑی دولت ہے یہ
زندگی کیسی، جو دل بیگانۂ پہلو ہوا

(۵) آبرو باقی تری ملت کی جمعیت سے تھی
جب یہ جمعیت گئی، دنیا میں رسوا تو ہوا

(۶) فرد قائم ربطِ ملت سے ہے تنہا کچھ نہیں
موج ہے دریا میں اور بیرونِ دریا کچھ نہیں

(ایرانی)

یا اللہ

فتح عظیم

بسم اللہ تعالیٰ احمد

(۱) اے آنکہ ہست ذاتِ تو بے مثل و بے عدیل
ربِّ جلیل انت انا عبدک الذلیل

(۲) گاہے بود ضعیف قوی را دہد شکست
گاہے شود کہ مور برآرد دمارِ پیل

(۳) در امرِ حق خیال کرا تا شود نکیر
در کارِ حق مجال کرا تا شود دخیل

(۴) اینجا نہ نوع بخش بود ہیچ فہم ورائے
اینجا نہ سود مند بود ہیچ قال و قیل

(۵) قارون شدہ ست لقمۂ دندانِ معارض
فرعون خود لطمۂ امواجِ رودِ نیل

(۶) دیگر چہ بود قوتِ ایمان اگر نہ بود
گلزار گشت آتشِ سوزان پے خلیل ع

(۶) جب تو

(۷) در معرفتِ خدا نبود تاب دم زدن
عاجز دریں مقام بود فہم ہم دلیل

(۸) مرغِ تخیلم سترِ پرواز آمدہ
در آن فضا کہ سوخت پر و بالِ جبرئیل ع

(۹) آن تشنگان کہ جام شہادت چشیدہ اند
مستغنند گردِ کوثر و تسنیم و سلسبیل

(۱۰) گاہے مسیح ع ناصری آید سرِ صلیب
گاہے حسین ع ابن علی ع می شود قتیل

(۱۱) لیکن عجیب واقعہ است و غریب ام
کاں را ندید دیدۂ اہلِ نظر مثیل

(۱۲) اے آنکہ چشم داری و ذوقِ بصیرتے
"طغیانِ ناز بین کہ جگر گوشۂ خلیل ع
آمد بزیرِ تیغ و شہیدش نمی کنند"

(از مرزا بیضا خان مروی ایرانی)

پھول

۱۔ تجھے کیوں فکر ہے اے گل! دلِ صد چاک بلبل کی
تو اپنے پیرہن کے چاک تو پہلے رفو کرلے!

۲۔ تمنا آبرو کی ہو اگر گلزارِ ہستی میں
تو کانٹوں میں الجھ کر زندگی کرنے کی خو کرلے!

۳۔ صنوبر باغ میں آزاد بھی ہے پا بہ گل بھی ہے
انہیں پابندیوں میں حاصل آزادی کو تو کرلے!

۴۔ تنک بخشی کو استغنا سے پیغامِ خجالت دے
نہ رہ منت کشِ شبنم، نگوں جام و سبو کرلے!

۵۔ نہیں یہ شانِ خودداری، چمن سے توڑ کر تجھکو
کوئی دستار میں رکھ لے، کوئی زیبِ گلو کرلے!

۶۔ چمن میں غنچۂ گل سے یہ کہہ کر اڑ گئی شبنم
مذاقِ جورِ گلچیں ہو، تو پیدا رنگ و بو کرلے!

۷۔ اگر منظور ہو تجھکو خزاں نا آشنا رہنا
جہانِ رنگ و بو سے پہلے قطعِ آرزو کرلے!

۸۔ اسی میں دیکھ! مضمر ہے کمالِ زندگی تیرا
جو تجھکو زینتِ دامن کوئی آئینہ رو کرلے!

اقبال

میں اور تو

۱۔ نہ سلیقہ مجھ میں کلیم کا، نہ قرینہ تجھ میں خلیل کا
میں ہلاکِ جادوئے سامری، تو قتیلِ شیوۂ آذری!

۲۔ میں نوائے سوختہ در گلو، تو پریدہ رنگ، رمیدہ بو
میں حکایتِ غمِ آرزو، تو حدیثِ ماتمِ دلبری!

۳۔ مرا عیش غم، مرا شہد سم، مری بود ہم نفسِ عدم
ترا دل حرم، گروِ عجم، ترا دیں خریدۂ کافری!

۴۔ دمِ زندگی، رمِ زندگی، غمِ زندگی، سمِ زندگی
غمِ رم نہ کر، سمِ غم نہ کھا، کہ یہی ہے شانِ قلندری!

۵۔ تری خاک میں ہے اگر شرر تو خیالِ فقر و غنا نہ کر
کہ جہاں میں نانِ شعیر پر ہے مدارِ قوتِ حیدری!

٦۔ کوئی ایسی طرزِ طواف تو مجھے اے چراغِ حرم بتا
کہ تیرے پتنگ کو پھر عطا ہو وہی شررِ تپش سمندری!

٧۔ گلۂ جفائے وفا نما کہ حرم کو اہلِ حرم سے ہے
کسی بتکدے میں بیاں کروں تو کہے صنم بھی ہری ہری!

٨۔ نہ ستیزہ گاہِ جہاں نئی، نہ حریفِ پنجہ فگن نئے
وہی فطرتِ اسد اللّٰہی، وہی مرحبی، وہی عنتری!

٩۔ کرم اے شہِ عرب و عجم کہ کھڑے ہیں منتظرِ کرم
وہ گدا کہ تو نے عطا کیا ہے جنھیں دماغِ سکندری!

"نعت شریف"

١۔ ہر آہ تبسّم بن جائے ہر اشک ستارا ہو جائے
دنیا ہی بدل جائے اپنی گر ان کا اشارہ ہو جائے

٢۔ اس غم کا مداوہ کیا سوچیں اس درد کا درماں کیا ڈھونڈیں
جو درد کہ خود تسکین بن کر ہر درد کا چارہ ہو جائے

٣۔ طوفان سے ٹکرا جانے کی عادت ہے محبت کو ورنہ
ہر تنکا کشتی بن جائے ہر موج کنارہ ہو جائے۔

٤۔ تکمیلِ محبت کی خاطر کیا کیا نہ کیا ہمت اعظم
ممکن ہے۔ ایمان کے لئے پر مرنا بھی گوارا ہو جائے

٤ ٦/٥١ محمد اعظم {ماہیہ رسولی}

پیالا پریم دا پیتا ای ۔ حق سار سوں وچوں اعلیٰ احمد کیتا ای

22.6.51

نعت شریف

(۱) اگر بے پردہ عالم میں جمال یار ہو جائے
تو دنیا جان دینے کے لئے تیار ہو جائے —

(۲) سنبھل کر پاؤں رکھنا عاشقو راہ محبت ہے —
کہیں ایسا نہ ہو — سارا سفر بیکار ہو جائے —

(۳) مرے سید کی آنکھوں میں سمائی ہے عجب مستی
جب وہ رک نظر سے دیکھ لے سرشار ہو جائے

۱۲. اگر بے پردہ عالم میں جمال یار ہو جائے
تو دنیا جان دینے کیلئے تیار ہو جائے

۱۔ مرے کاسے کو جو بھرے فیض سے سرکار جیلانی
گداگری کو آیا ہوں تیرے در بار جیلانی

۲۔ ہزاروں بارگاہیں ہیں ہزاروں اللہ والے ہیں —
تیرے طالب کو مانی ہے — تیرا دیدار جیلانی

۳۔ کوئی لقب جیب کے دیتا ہے دامن کو بکر سو دا
تیری خوشبو یکتا ہے — سہرے بزار جیلانی

نعت شریف

ہم نہیں رکھتے سیر باغ رضوان سے غرض
عاشقوں کو ہے — در محبوب ہے دیوان سے غرض —
نغمہ زن پہلو میں بلبل دل ہے — اور شگفتہ داغ میں —
کام بلبل سے مجھے ہے — نہ گلستان سے غرض —
دیکھ لیں زلف و خط و رخسار سیاہ ان کی بھی
ہے نہ سنبل سے نہ نرگس سے نہ ریحان سے غرض —
دیکھ لے ذرہ جو خورشید رسالت کا جمال —
پھر نہ رکھے ماہ کنعان سے غرض —
اے برادر یوسف شہر ہے میرا محبوب ہے —
مصر سے مطلب ہے کچھ نہ کنعان سے غرض —
سلطنت سے بڑھ کے داغ عشق احمد ہا فضل —
ہے نہ کچھ اسباب سے مطلب نہ سامان سے غرض —

فضل جلالی

جس طرح امت کو ہے - اپنے پیغمبر کی تلاش -
بلبلوں کو جس طرح ہووے گل تر کی تلاش -
سو نبو الدہر جو خاک راہ یثرب پر مدام -
اس فقیر بے نوا کو ہے - یثرب کی تلاش -

گانا

۱. تڑپ اے دل! تڑپنے سے ذرا آرام آتا ہے -
کہ لب پر ہر تڑپ کے ساتھ ان کا نام آتا ہے

۲. جسے سن کر مری دنیا خوشی سے جھوم اُٹھتی تھی
نہ وہ آواز آتی ہے - نہ وہ پیغام آتا ہے -

۳- تجھے میں کیا بتاؤں - کس طرح تجھکو میں سمجھاؤں
ترے آنے سے اس دل کو بڑا آرام آتا ہے

۴- لگا لے زور یہ دنیا نہ بدلے گی وفا اپنی
بدل جائے وفا تو عشق پر الزام آتا ہے

دوہڑہ [illegible] کرسی پیلے تھی

اینہہ حب حضور دی نہیں جینہوں اوہ بے ایمان نہ ہو یا کی ہوونا
علم نہیں دا اشکل لسوان والے اوہ نا فرمان نہ ہو یاتے ۰۰
زیارت روضہ رسول دی نہ آکے اوہ شیطان نہ ہو یا ۰۰
غلام یار رجتی نوتا بے مردہ تاوہ منکر قران نہ ہو یا کہ پیڈی

خودی کی جلوتوں میں مصطفائی - خودی کی خلوتوں میں کبریائی
زمین و آسمان و عرش و کرسی - خودی کی زد میں ہے ساری خدائی
نہ چھوڑ اے دل فغانِ صبحگاہی - اماں شاید ملے اللہ ہو میں
ترے سینے میں دم ہے دل نہیں ہے - ترا دم گرمیٔ محفل نہیں ہے
گزر جا عقل سے آگے کہ یہ نور - چراغ راہ ہے منزل نہیں ہے
محبت کا جنوں باقی نہیں ہے - مسلمانوں میں خون باقی نہیں ہے
صفیں کج - دل پریشاں سجدہ بے ذوق - کہ جذب اندروں باقی نہیں ہے -

خودی کے نور سے دنیا پہ چھا جا - مقام رنگ و بو کا راز پا جا
یہی آدم ہے سلطاں بحر و بر کا؟ کہوں کیا ماجرا اس بے بصر کا!
نہ خود بیں نے خدا بیں نے جہاں بیں - یہی شہکار ہے تیرے ہنر کا؟
یا رب یہ جہانِ گزراں خوب ہے لیکن - کیوں خوار ہیں مردانِ صفا کیش و ہنرمند

خرد واقف نہیں ہے نیک و بد سے ۔ بڑھی جاتی ہے ظالم اپنی حد سے

خدا جانے تجھے کیا ہو گیا ہے ۔ خرد بیزار دل سے دل خرد سے

(نعت مبارک)

I was going on the road.

ہنسی صحت کے قیام میں مدد دیتی ہے ۔ ڈراپنڈل

دل دے تو اس مزاج کا پروردگار دے

جو رنج کی گھڑی بھی خوشی سے گزار دے

(نعت مبارک)

ہر سانس ہے حمد و ثنا جھوم رہی ہے

نظروں میں مدینے کی ہوا جھوم رہی ہے

آتی ہے یہ مس کوچے کی گلیوں سے گزر کر

کس شوق سے یہ باد صبا جھوم رہی ہے

وہ سامنے ہے روضۂ سرکار مدینہ

ہر سمت رقص میں ذرے کی ہوا جھوم رہی ہے

شاکر تجھے مستی در صہبائے مدینہ

پی پی کے مری طبع رسا جھوم رہی ہے

سالہا سال اُدھر وقت کے صحراؤں میں

دفعتاً وقت کے ظلمت زدہ صحراؤں سے

دم بدم ظلم کے طوفان اٹھا کرتے تھے - اک سرافراز اٹھا شمع فروزاں لے کر

ہائے وہ معصوم سی بیٹیاں، ننھی جانیں

چھٹ گئی ظلم و جہالت کی گھنی تاریکی

سنگدل باپ جنہیں گاڑ دیا کرتے تھے

نور ہی نور برسنے لگا انسانوں پر

بادہ نوشی تھی کیسی - اور کیسی عیاشی

اب نہ وہ بادہ کشی تھی - نہ ہوس رانی

کبھی اپنوں سے خصومت تھی کبھی بیگانوں سے

کوئی بھی فرق نہ تھا اپنوں بیگانوں میں

وہ برائی، وہ فسادی، وہ ہوس کے پتلے

ایک مرکز پہ چلی آئی تھی ساری دنیا

تھے تو انسان - مگر بدتر حیوانوں سے

امن و پیار کے چرچے تھے سب انسانوں میں

مطلع زیست پہ چھایا تھا جہالت کا دھواں

وہ حسین دور گیا - رنگ زمانہ بدلا

عدل [illegible] ور لٹا ہوں سے تھا او جھل [illegible]

آج پھر زیست کا دامن ہے غبار آلود

دیکھ کر اپنے سپوتوں کا بھیانک کردار

مطلع زیست پہ چھائی ہے وہی تاریکی

مادر ارض کا احساس تھا بوجھل بوجھل

آج پھر کوئی انسان نہیں آسودہ

ہم اگر پھر اسی رہبر کا چلن اپنا لیں

اپنی قسمت میں گھٹا ٹوپ سیاہی نہ رہے

اپنی منزل پہ پہنچ جائیں مسافر سارے

ایک بھی راہ سے بھٹکا ہوا راہی نہ رہے

ظلمت کدۂ امکان میں اٹھی - ابھری ہے خرد کی شوخ کرن
بے رونق ہے - وحشت کا جہاں، ہے چاک جنوں کا پیرہن
پھر گونج اٹھے غنچوں کے جرس - روشن ہوئے پھر پھولوں کے دئے
مرجھا گئے پھر کانٹے کانٹے - کھل اٹھی پھر گلبن گلبن

اب جورِ خزاں کا ذکر ہی کیا اب دورِ خزاں ختم ہوا
پامال نہ ہونگے گل بوٹے - تاراج نہ ہونگے ~~[illegible]~~ نئے چمن
کس طرح کوئی انکار کرے - مخفی نہیں اہل بینش سے
اسی نور سے روشن ہے - دنیا فاراں تا وادی گنگ و جمن

تاریکی میں چلنے والو! تاریکی سے مایوس نہ ہو
دیکھو وہ شفق کا رنگ جما - نکھرا وہ اجالے کا جوبن
جس منزل کے مشتاق تھے تم - آخر وہ منزل آ ہی گئی
بڑھا ایمن محراب کے سائے میں اب دور کرو روحوں کی گھٹن

گھبراؤ نہ ان بیندوں سے تمہاری وحشت کی تخلیق ہیں یہ
ڈٹ جاؤ کہ سمجھو بھی پھر نہیں دھوکو کہ یہ دار و رسن
اب تک تو بہائم اور انسانوں میں کچھ ایسا فرق نہ تھا
[illegible]

روشن ہیں وفا کی قندیلیں - مہکے ہیں محبت کے گلشن

شانِ محمدؐ

ظفر اکبر آبادی

اللہ رے یہ مرتبہ و شانِ محمد - ہیں ارض و سما تابع فرمانِ محمد

حیران ہیں اسی دل کی تجلی سے دو عالم - جس دل میں ہے عکس رخ تابانِ محمد

ہر گوشۂ عالم پہ ہے سرکار کی رحمت
ہر سمت رواں ہے چشمۂ فیضانِ محمد

ملتی ہے اسی کو مئے عرفانِ خدا بھی
جو نوش کرے بادۂ عرفانِ محمد

کرتی ہیں وہاں تا بہ ابد رقص بہاریں
پڑتا ہے جہاں سایۂ دامانِ محمد
کیسے ہی کو بھی وہ اوج ظفر مل نہیں سکتا
جس اوج کے مالک ہیں غلامانِ محمد

اے آنکہ بہر عالمیاں نورِ دیدۂ
حدِّ بشر کجا ست بجائے رسیدۂ

خاکِ درت بچشم جہاں کحلِ بینش است
قربان تربتے کہ دراں آرمیدۂ

در حیرتم کہ حسن ترا وصف چوں کنم
حقا کہ بغایتِ خوبی رسیدۂ

کردہ است ز آفتاب عرب اقتباسِ نور
اے دل فسانۂ مہ کنعاں شنیدۂ؟
اے ہمنشیں بہ معنیٔ ایں نکتہ در رسی
گر جرعۂ ز بادۂ عرفاں چشیدۂ

ما را بروزِ حشر غمِ باز پرس نیست
بر نامۂ سیہ خطِ رحمت کشیدۂ
بیجا نشوی عزیزِ جہان سرفرازِ خلق
چوں ماہِ نو اگر بتواضع خمیدۂ

بشکست رونقِ مہر و ماہ ز شعاعِ حسن و جمالِ او
شدہ خیرہ چشمِ شہنشہاں ز فروغِ نقشِ جلالِ او
بلغ العلیٰ بکمالہٖ کشف الدجیٰ بجمالہٖ
حسنت جمیع خصالہٖ صلوا علیہ و آلہٖ
سرِ فرقِ انجم و کہکشاں بحضورِ او ہمہ سرنگوں
بشگفت مثلِ گلِ جناں دلِ عاشقاں ز خیالِ او

بلغ العلیٰ
حسنت

ز شمیمِ خلقِ عظیمِ او شدہ عنبریں گل و یاسمین
دمِ نطقِ شکر و انگبیں بچکد ز حسنِ مقالِ او

بلغ . . . .
حسنت . . .

دمِ عاشقانِ جمال را ہمہ عمر لذتِ دیگرے
گہے رنج و دردِ فراقِ او گہے لطف و شوقِ وصالِ او

بلغ
حسنت

زہے شانِ بندۂ درگہش زہے عظمتش زہے سطوتش
کہ بلرزہ اند شہنشہاں ز گلیمِ فقرِ بلالِ او
حسنت

ز کلام حضرت [illegible] بیان شدہ جوئے شہد و شکر روان
کہ چشیدہ بادۂ جانفزا دہنش ز جامِ زلال او

بلغ العلیٰ

حسنت

نعت شریف

شگفتہ و صاف تن بھی ہے عطر فشاں کفن بھی ہے
خاک میں مل رہے ہیں ہم اتنے تکلفات میں
(جوش صاحب)

ذرا جنبش تو دے مجھے ایسا کر دیں
بس اتنی کی زندگی ہے - اُسی کا ہے زمانہ

غزل

٣/٢/٥٦

١- دونوں جہان کسی کی محبت میں ہار کے
وہ جا رہے ہے کوئی شب غم گزار کے

2- ویران ہے میکدہ خم و ساغر اداس ہیں -
تم کیا گئے - کہ روٹھ گئے دن بہار کے

3، اک فرصت گناہ ملی وہ بھی چار روز
دیکھے ہیں ہم نے حوصلے پروردگار کے

4. دنیا نے تیری یاد سے بیگانہ کر دیا
تجھ سے بھی دلفریب ہیں غم روزگار کے

5- بھولے سے مسکرا تو دئے تھے وہ آج فیض
مت پوچھ ولولے دل ناکردہ کار کے

۱۰-۲-۵۶ غزل سنٹرل ٹریننگ کالج لاھور

۱۔ آنکھیں ملا کے پیار سے دل کو مٹا دیا۔
اک بے وفا نے ہم کو ہنسا کے رُلا دیا

۲۔ کیوں دیکھتے ہی دیکھتے دنیا بدل گئی۔
قسمت نے جیسے خواب دکھا کے جگا دیا

۳۔ دیتی رہی فریب مجھے پیار کی نظر
تو نے میری وفا کو تماشا بنا دیا

۴۔ آ کے نہ جو گیا کوئی منزل کے سامنے
امید نے چراغ جلا کے بجھا دیا

دل پہ کیا بیتی۔ ذرا پوچھو تو ان زلفوں سے
جن کی چھاؤں میں میری روح پریشان ہی رہی ہے۔

اسکی الفت نے عطا کی ہے۔ وہ عظمت کہ عزیز
کو سے دوست میں میری روح غزل خواں ہی رہی ہے

۱۰-۳-۵۶ اسی۔ ٹی۔ کالج لاھور غزل

۱۔ وہ کیا الم کدہ سے ہمارے چلے گئے۔ جیتے تھے زندگی کے سہارے چلے گئے

۲۔ تیرے بغیر گرچہ جہنم تھی زندگی۔ پھر بھی تری رضا پہ گزارے چلے گئے

۳۔ دریائے زندگی میں انہیں لطف موج کیا۔ جو بے خطر کنارے کنارے چلے گئے

۴۔ تری ضیائے حسن سے گل ہو گئے چراغ۔ آیا جو آفتاب ستارے چلے گئے

۵۔ زاہد بھی ڈگمگا گئے جس رہگذر پر۔ عاصی ترے کرم کے سہارے چلے گئے۔

1۔ نقاب رُخ اٹھایا جا رہا ہے۔ وہ نکلی دھوپ سایہ جا رہا ہے۔

2۔ جگر میں درد پایا جا رہا ہے۔ کہ شاید پھر بلایا جا رہا ہے

3۔ رواں اس غم میں ہیں شبنم کے آنسو۔ کلی کو کیوں ہنسایا جا رہا ہے۔

4۔ لگی تھی انکے قدموں سے قیامت۔ میں سمجھا ساتھ سایہ جا رہا ہے۔

5۔ ستارے سسکیاں سی لے رہے ہیں۔ کسی کا دل دُکھایا جا رہا ہے

6۔ جگر اپنے دل کو دل نہ سمجھو۔ کوئی کر کے اشارہ جا رہا ہے۔

---

1 سناتے کیسے ہو روداد غم اختر۔ وہاں تو مسکرایا جا رہا ہے۔

ہر صورت حسین پہ کہاں طبیب ہے

جی میرے مرض کی طبیب عجیب ہے ۔

☆

یارب نہ ڈال شیخ کو دوزخ کی آگ میں

یہ آدمی ہمارا پرانا رقیب ہے

تحفہ از ملک فضل حسین صاحب　　5-10-58

چلتی کو گاڑی کہیں بنے دودھ کو کھویا

رنگی کو نارنگی کہیں دیکھ کبیرا رویا

D. B. Khan　　12-6-59

چوچک آکھیا جامنا انہوں ویاہ تیک نہیں چرا لیے

اس جگ مکار دا کم ایہو کوئی مکر فریب بنا لیے

ساڈی دھی دا کجھ نہ لاہ لیندا سبھو ٹہل ٹکور کرا لیے

وار لشہ ایں جٹ سدا کوڑے اک جھٹکا ہینڈ سمی لا لیے

A scheme by chuchak to bring Ranjha back to his work of grazing, when his going gave it a serious deadlock

فیض

شمع نظر خیال کے انجم جگر کے داغ

جتنے چراغ ہیں تری محفل سے آئے ہیں

اٹھ کر تو آ گئے ہیں تری بزم سے مگر

کچھ دل ہی جانتا ہے کس دل سے آئے ہیں

نہ جانے کیا ہوا ارباب جنوں کو

جینے کی ادا یاد نہ مرنے کی ادا یاد

جگر

روٹیاں بوٹیوں سے تلتی ہیں

قسمت کی سبھی دکانوں پر　　ندیم قاسمی

آنکھیں دکھلاتے ہو جوبن بھی دکھا دو صاحب

وہ الگ باندھ کے رکھا ہے جو مال اچھا ہے ۔

ازاں لیتو صدیقی

غزل ظفر

لگتا نہیں ہے جی مرا اُجڑے دیار میں
کس کی بنی ہے عالمِ ناپائیدار میں

ان حسرتوں کو کہہ دو کہیں اور جا بسیں
اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغدار میں

بلبل کو باغباں سے نہ صیاد سے گلہ
قسمت میں قید تھی لکھی فصلِ بہار میں

عمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن
دو آرزو میں کٹ گئے ۔ دو انتظار میں

زندگی کے چار دن تھے ۔ سو اب ہو چکے تمام
پاؤں پھیلا کے سوئیں گے کنجِ مزار میں

کتنا تھا بدنصیب ظفر تجھ کو دفن کے لئے
دو گز نہ مل سکی جگہ زمین کوئے یار میں

نعت شریف

قائم ہے جس سے عظمتِ انساں وہ آپ ہیں ۔ مطلع
نازاں ہے جس پہ عالمِ امکاں وہ آپ ہیں

۲۔ ہر دردِ لادوا کا مداوا کہیں جسے
جس سے ہوں ساری مشکلیں آساں وہ آپ ہیں

۳۔ جھکتی ہوئی شرافتِ آدم کی شمع کو
جس نے کیا ۔ پھر سے فروزاں وہ آپ ہیں

۴۔ سنوری تھی اس طرح نہ کبھی زلفِ زندگی
چھوڑی جو اُسکی مانگ میں افشاں وہ آپ ہیں

۵۔ صحرا نورد بن گئے تہذیب کے امام
قطرے کو جس نے کر دیا طوفاں وہ آپ ہیں

۶۔ دنیا کو دے کے آخری دستورِ زندگی
بخشا ہے جس نے زیست کا ساماں وہ آپ ہیں

۷۔ جس گل کی بو نے رنگِ خزاں کو نکھار کر
مہکا دیا ہے ۔ سارا گلستاں وہ آپ ہیں ۔

از رسالہ فیض الاسلام ۔ راولپنڈی

غزل

از شفیع زار شاہکوی

مدت سے ڈھونڈتے ہیں اسی چشمِ یار کو
جو کر تنوے لے گئی دل کے قرار کو

تا زندگی اٹھایا غمِ ہجرِ یار کو
مر کر ملی نجات دلِ بے قرار کو

✓ قاتل مراد دونوں کی بر آئی شکر ہے۔
مقتل میں لے چلے ہیں ترے جاں نثار کو

✓ زاہد ہمیں بہشت کا لالچ نہ دیجئے
جاتا ہے کون چھوڑ کے کوچۂ یار کو

✓ ہم نے بنا لیا ہے۔ ترے غم کو دلنواز
مخلوق ڈھونڈتی ہے رہا کسی غمگسار کو

گھائل کیا جو دل تو اسے ساتھ لے چلو
صیاد چھوڑ کر نہیں جاتا شکار کو

✓ تم نے نقاب رخ سے اٹھا کر غضب کیا
دیکھو تو ہوش بھی ہے کسی ہوشیار کو

نادان عمر بھر رہے محوِ خیالِ رزق
بھولا ہوا ہے آدمی پروردگار کو

غنچے رہے نہ گل رہے گلشن اجڑ گیا
کیسی شکست دی ہے خزاں نے بہار کو

✓ لکھا وہ صد ہزار قیامت سے بھی دراز
نا پا جو ہم نے طولِ شبِ انتظار کو

✓ ان کو بتان میں ڈھونڈنا تھا اسلئے شفیع
لائے عدم سے زندگیٔ مستعار کو

نغمہ شوق

فدا بخاری

تمناؤں کی بنا میں ڈھونڈتا ہوں۔
انہیں ملنے کی راہیں ڈھونڈتا ہوں۔

چرایا جن نگاہوں نے میرا دل۔
وہ دزدیدہ نگاہیں ڈھونڈتا ہوں

کبھی جو ہاد بھی پر سکتے گا
تصور میں وہ باہیں ڈھونڈتا ہوں

← پہنچ کر ساتھ لے آئیں کسی کو
کچھ ایسی دل کی آہیں ڈھونڈتا ہوں

فدا ان کے کفِ پا کے تصدق
فلک پر سجدہ گاہیں ڈھونڈتا ہوں

ابراہیم ذوق

غزل

۲۲/۵۷

1. لائی حیات آئے ۔ قضا لے چلی چلے ۔ اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے
2. بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے ۔ پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی چلے
3. ہم ہونگے اس بساط پہ ہم جیسے بد قمار ۔ جو چال ہم چلے ۔ سو نہایت بری چلے
4. ہو عمرِ خضر بھی تو کہیں گے بوقتِ مرگ ۔ ہم کیا رہے یہاں ابھی آئے ابھی چلے

نازاں نہ ہو خرد پہ ۔ جو ہونا ہو سو ہی ہو ۔ دانش تری نہ کچھ مری دانشوری چلے

دنیا نے کس کا راہ فنا میں دیا ہے ساتھ ؟ ۔ تم بھی چلے چلو یونہیں جب تک چلی چلے

جاتے ہوائے شوق میں ہیں اس چمن سے ذوق ۔ اپنی بلا سے بادِ صبا اب کبھی چلے

غزل ۲۰ ذوق

۲۲ جون ۵۷ء

1. اسے ہم نے بہت ڈھونڈا نہ پایا — اگر پایا تو کھوج اپنا نہ پایا
2. جس انسان کو سگِ دنیا نہ پایا — فرشتہ اس کا ہم پایہ نہ پایا
3. مقدر ہی پہ گر سود و زیاں ہے — تو یاں ہم نے نہ کچھ کھویا نہ پایا
4. کرے کیا میرِ دل ملکِ فنا کی ؟ — کہ اس بازار میں سودا نہ پایا
5. رہ گم گشتگی میں ہم نے اپنا — غبارِ راہ بھی عنقا نہ پایا
6. فلک کے گنبدِ بے در سے ہم تو — نکل جاتے مگر رستہ نہ پایا
7. رہا ٹیڑھا مثالِ نیشِ کژدم ۔ — کبھی کج فہم کو سیدھا نہ پایا
8. جہاں دیکھا کسی کے ساتھ دیکھا — کبھی ہم نے تجھے تنہا نہ پایا
9. چراغِ داغ لیکر دل میں ڈھونڈا ۔ — اثر پر صبر و طاقت کا نہ پایا
10. وہ از خود رفتہ ہوں جسکو خودی نے — خدائی میں اگر ڈھونڈا نہ پایا
11. یہی ہر دم ہے زخمِ دل کا رونا — دہن پایا لبِ گویا نہ پایا
12. کبھی تو اور کبھی تیرا رہا غم — غرض خالی دلِ شیدا نہ پایا
13. نظیر اس کا کہاں عالم میں اے ذوق — کہیں ایسا نہ پائے گا نہ پایا

۲۲ جون

غزل

غالب

یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصال یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

ترے وعدے پر جیے ہم تو یہ جان جھوٹ جانا
کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا

یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست ناصح
کوئی چارہ ساز ہوتا کوئی غمگسار ہوتا

رگ سنگ سے ٹپکتا وہ لہو کہ پھر نہ تھمتا
جسے غم سمجھ رہے ہو یہ اگر شرار ہوتا

کہوں کس سے میں کہ کیا ہے شب غم بری بلا ہے۔
مجھے کیا برا تھا مرنا اگر ایک بار ہوتا

ہوئے مر کے ہم جو رسوا ہوئے کیوں نہ غرق دریا؟
نہ کبھی جنازہ اٹھتا نہ کہیں مزار ہوتا

اسے کون دیکھ سکتا کہ یگانہ ہے وہ یکتا
جو دوئی کی بو بھی ہوتی تو کہیں دوچار ہوتا

یہ مسائل تصوف یہ ترا بیان غالب
تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا

غزل

دل ناداں تجھے ہوئے کیا ہے۔
آخر اس درد کی دوا کیا ہے۔؟

ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار
یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے؟

میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں۔
کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے؟

جب کہ تجھ بن نہیں کوئی موجود
پھر یہ ہنگامہ اے خدا کیا ہے؟

یہ پری چہرہ لوگ کیسے ہیں
غمزہ و عشوہ و ادا کیا ہے؟

شکن زلف عنبریں کیا ہے
نگہ چشم سرمہ سا کیا ہے؟

سبزہ و گل کہاں سے آئے ہیں
ابر کیا چیز ہے ہوا کیا ہے؟

ہم کو ان سے وفا کی ہے امید
جو نہیں جانتے وفا کیا ہے؟

لا جلوہ گر تیرا عبث لگا ہوا

اور دردِ دلیش کی صدا کیا ہے؟

جان تم پر نثار کرتا ہوں

میں نہیں جانتا دعا کیا ہے؟

میں نے مانا کہ کچھ نہیں غالب

مفت ہاتھ آئے تو برا کیا ہے؟

۱۵-۵-۵۸ جانِ پسر تو سفرہ بے نان نہ دیدہ؟

جنگِ عیال و گریۂ طفلان نہ دیدہ؟

نہ نشستہ بگوشہ تو در خوفِ قرضخواہ

ناگاہ ز در درآمدہ مہمان نہ دیدہ؟

جوابِ پسر

بابا مگر تو جلوۂ جانان نہ دیدہ؟

چشمِ سیاہ و کاکلِ پیچاں نہ دیدہ؟

نہ نشستہ بگوشہ تو در انتظارِ یار

ناگاہ ز در درآمدہ جانان نہ دیدہ؟

۲۱-اکتوبر سنہ ۶۲ء انتخاب از دل سخت سخت (دراں)

۱- انقلاب آیا تو یوں آیا نگاہِ یار میں

کچھ مروت میں اضافہ، کچھ محبت میں کمی

۲- وہ فضاؤں میں اک کسک سی نہیں

مٹ چکی ہیں - نشانیاں تیری

۳- فراق کام ہے تیرا پردۂ مجاز میں دیکھ

حقیقتوں کے خزانے لٹا دئے میں نے

۴- وصال کو بھی بنا دے جو عینِ دردِ فراق

اس سے چھوٹنے کا غم سہا نہیں جاتا

۵- جن کی تعمیر عشق کرتا ہے

کون رہتا ہے ان مکانوں میں

۶- بحثیں چھڑی ہوئی ہیں حیات و ممات کی

سو بات بن گئی ہے فراق ایک بات کی

۷- چونک پڑے جو سناٹے میں

ایسے دل کو کون پکارے

۸- نگاہِ کامیاب کا اعتبار اٹھ گیا

"کیف و تصور" از قندیل 3 2/58

غزل اختر یزدانی

1 خود وضاحت ہو تم بہاروں کی — کیا ضرورت ہے استعاروں کی
2 رہ گئیں دل میں تلخیاں بن کر — پرسشیں میرے غمگساروں کی
3 سینکڑوں کشتیاں شکستہ حال — عظمتیں بن گئیں کناروں کی
4 اب کوئی زخم تو عطا کیجے — اب تمنا نہیں سہاروں کی
5 جیسے ٹوٹے اندھیرا کے جگنو — بجھ گئیں شمعیں چاند تاروں کی
6 ولولہ دل میں ہے انتہا لیکن — دور تک گونج ہے بہاروں کی
7 زندگی کیا ہے۔ اک کہانی ہے — نغمۂ دل۔ دکھ بھری پکاروں کی
8۔ روشنی اک زبان سے اختر
جھلملاتے ہوئے ستاروں کی

خاقان خاور

زندگی میں سکون کا نام نہیں۔ — اب وہ صبح وہ شام نہیں
حرص کا۔ کوئی زلف کا بندہ — کون دنیا میں زیر دام نہیں
ہو سکے تو رہو کسی دل میں — دل سے بڑھ کر کوئی مقام نہیں
کتنی گستاخ ہو گئی شبنم — عارض گل کا احترام نہیں
ایک لمحے میں لاکھ غم گزرے — ایک لمحے میں غم کا نام نہیں
جن سے ہوتی تھی گفتگو پہروں
ان سے خاور کوئی کلام نہیں

9۔ سنگ و آہن بے نیاز غم نہیں
دیکھ ہر دیوار و در سے سر نہ مار

10۔ انگڑائی وہ لیتے اٹھ رہے ہیں
ہستی کا خمار ٹوٹتا ہے

---

4 1/58

تو غنی از ہر دو عالم من فقیر
روز محشر عذرہائے من پذیر
یا اگر بینی حسابم ناگزیر
از نگاہ مصطفیٰ پنہاں بگیر — اقبال

سرِ خدا کہ عارف و سالک بہ کس نگفت
در حیرتم کہ بادہ فروش از کجا شنید

نہ تنہا من دریں مے خانہ مستم
جنید و شبلی و عطار ہم مست

3 اگ ـ 58

غزل ـ سید حسرت الاکرام (کلکتہ) قندیل ۶۵

1 محبت اپنے اس عالم پہ ہوتی ہے خجل اکثر
تری محفل میں بھی افسردہ ہو جاتا ہے دل اکثر

2 نہ ہو ذوقِ ستم تیرا پشیماں آج اس خاطر
ہوئی ہے میری تمکینِ وفا بھی منفعل اکثر

3 چٹانوں کے مقابل ہو کے ہوشِ بے توانائی
مگر پھولوں کی نازک چوٹ سے ٹوٹے ہیں دل اکثر

4 محبت تیری تنہائی کی قیمت کوئی کیا جانے
ہوئے ہیں خلوتِ احساس میں وہ بھی خجل اکثر

5 بسا اوقات ٹھنڈی پڑ گئی ہے آگ شعلوں کی
مگر شبنم کا ہر قطرہ رہا ہے مشتعل اکثر

6 تمنا کس قدر حساس ہوتی جا رہی ہے کیوں؟
خود اپنی روح کی آواز پر دھڑکا ہے دل اکثر

7 سنے تھے دلکشیِ جنتِ آدم کے افسانے
نگاہِ شوق نے کھایا فریبِ آب و گل اکثر

8 ہم اپنی تنگ دامانی کا جب جائزہ لے لیں
تنک بختی پہ اپنی خود ہوئے ہیں وہ خجل اکثر

عزم و عمل

چلا جب میں عزم و عمل کے سہارے
مجھے راہ دکھلانے اترے ستارے

مجھے مل گیا تپتے صحرا میں پانی
مجھے مل گئے بیچ دریا کنارے

کبھی تھے جو میری ہلاکت کے در پے
وہ طوفان بھی اب مدد کو پکارے

مجھے راہ دی گر پہاڑوں نے جھک کر
تو گہرائیوں نے ملول کے سہارے

ندامت کے اشکوں سے بجھنے لگے خود
مری سمت جو بڑھ رہے تھے شرارے

پہاڑی ندی بھول بیٹھی روانی ـ
تھے حیران میری چال پر چاند تارے

غرض مجھ سے تھیں مشکلیں بھی ہراساں
چلا جب میں عزم و عمل کے سہارے

اللہ = 10 9/58 "کیوں یہ اتنا حجاب سا ہے" (چٹان) نثار احمد انور (جالندھری)

1) اگر کوئی بات بھی نہیں ہے۔ تو کیوں یہ اتنا حجاب سا ہے
کہ حسن زیرِ نقاب ہو کر بھی خود بخود بے نقاب سا ہے

2) بلا سے ہو جو تم نفور سے۔ میں پی رہا ہوں تمہارے دَر سے
یہ چیز مجھ کو حرام سی ہے۔ خمار اس میں شراب سا ہے

3) یہ اتفاقات ہیں زمانے کے میری آنکھوں نے تم کو دیکھا
خدا کرے روز حادثے ہوں۔ یہ حادثہ کامیاب سا ہے

4) وہ شام کی سرمئی فضائیں۔ وہ آپ کا مسکرا کے ملنا
یہ واقعہ خواب تو نہیں ہے مگر حقیقت میں خواب سا ہے

5) تمہاری یادوں نے تم سے بڑھ کر قسم خدا کی مزہ دیا ہے
یہ عشق ناکامیاب ہو کر بھی کچھ نہ کچھ کامیاب سا ہے

6) نہ مجھ سے پوچھو مری حقیقت۔ مری حقیقت کا پوچھنا کیا
تم آپ ہی لاجواب سے ہو، سوال بھی لاجواب سا ہے

7) حضور ذرا تو سوچو شباب کا دور کس قدر مختصر سا ہوگا
یہ زندگی بھی سراب سی ہے۔ یہ لطف بھی حباب سا ہے

8) کہاں تک میں دفورِ دل کی لطافتیں چھین لوں حسین سے
خیال آتا ہے یہ بھی اکثر کہ اس کا چہرہ گلاب سا ہے

اللہ 11 1/59

"بارگاہِ قاضی الحاجات"

میں تیری بزم میں آنے کے قابل تو نہ تھا یا رب
مجھے تیری کشش، تیری محبت کھینچ لائی ہے
گناہگارِ ظلمت کو حریمِ ذاتِ اقدس میں
تیری شانِ کریمی۔ تیری رحمت کھینچ لائی ہے

عطا کر میرے سینے کو محبت نوعِ انساں کی
مرے دل کو گدازِ زندگی سے آشنا کر دے
ترا دردِ محبت کا محبت میں تڑپ کر یوں
اسی دردِ محبت کو محبت کی دوا کر دے

